# جامعۃ المدینہ: فیض مدینہ


سورۃ بنی اسرائیل حصہ: 1

سورۃ بنی اسرائیل حصہ:2

سورۃ بنی اسرائیل حصہ:2

سورۃ الکہف حصہ:1

سورۃ الکہف حصہ:2

سورۃ مریم حصہ:1

سورۃ مریم حصہ:2

سورۃ طحہ

سورۃ الانبیاء حصہ:1

سورۃ الانبیاء حصہ:2

# Chapter # 01

# سورة بنی اسرائیل حصہ: 1

**سوال۔۱ واقعہ معراج سے کیامراد ہے ؟**

**جواب۔واقعہ معراج سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالی نے اپنے خاص بندے کو یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کے کچھ حصے میں مسجد حرام سے مسجد اقصی تک سیر کرائی اور اپنے دیدار سے بھی مشراف فرمایا ۔**

**سوال۔۲ ہمیں مجبور و پریشان حال افراد سے کیسا سلوک کرنا چاہیے؟**

**جواب۔ہمیں مجبور و پریشان حال افراد کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے ۔**

**سوال۔۳ قرآن پاک میں وعدے کے بارے میں کیا حکم ہے ؟**

**جواب۔قرآن پاک میں وعدے کے بارے میں حکم ہے کہ جو وعدہ کیا ہے اسے پورا کرو بیشک عہد کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔**

**سوال۔٤ فخر وتکبر سے چلنا کیسا ؟ نیز ہمارے چلنے پھرنے کا انداز کیسا ہونا چاہیے ۔**

جواب۔ہمیں فخر و تکبر سے اکڑ کر چلنا نہیں چاہیے فخر تکبر سے چلنا دنیا و آخرت کی بربادی کا سبب ہے اور ہمیں عاجزی و انکساری کے ساتھ چلنا چاہیے ۔

# Chapter # 02

# سورۃ بنی اسرائیل حصہ:2

**سوال۔١ کیا شیطان لوگوں کے آپس کے معاملات میں دخل اندازی کرتا ہے ؟**

**جواب۔ شیطان لوگوں کے آپس کے معاملات میں دخل اندازی کرتا ہے اور آپس میں فساد ڈالتا ہے**

**سوال۔٢ کیا شیطان انسان کا دوست ہے ؟**

**جواب۔ جی نہیں ؛ بلکہ شیطان انسان کا بہت بڑا اور کھلا دشمن ہے۔**

**سوال۔٣ کیا اللہ تعالی کو صرف مشکل میں یاد کرنا چاہیے ؟**

**جواب۔ جی نہیں اللہ تعالی کو صرف مشکل میں یاد نہیں کرنا چاہیے بلکہ ہر حال میں ہمیشہ یاد کرنا چاہیے۔**

**سوال۔٤ کیا تمام انبیائے کرام علیھم السلام کا مقام و مرتبہ برابر ہے ؟**

**جواب۔ جی نہیں تمام انبیائے کرام علیھم السلام کا مقام و مرتبہ برابر نہیں بلکہ مختلف ہیں**

سوال۔۵ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے شیطان کو کس چیز نے روکا ؟

جواب۔ شیطان کے نفس اور اس کے تکبر نے روکا ۔

سوال۔٦ کیا شیطان انبیائے کرام علیھم السلام کو بھی گناہوں میں مبتلا کرتا ہے ؟

جواب۔ جی نہیں شیطان انبیائے کرام علیھم السلام کو گناہوں میں مبتلا نہیں کرسکتا اللہ تعالی نے انہیں معصوم یعنی گناہوں سے پاک پیدا فرمایا ہے۔

# Chapter # 03

# سورۃ بنی اسرائیل حصہ:3

**سوال۔١ وہ کون سی نماز ہے جو امت پر فرض نہیں لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر فرض تھی ؟**

**جواب۔ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر تہجد کی نماز فرض تھی ۔**

**سوال۔٢ بروز قیامت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام محمود عطا کیا جائے گا اس سے کیا مراد ہے ؟**

**جواب۔ مقام محمود سے مراد یہ ہے کہ بروز قیامت اللہ تعالی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام محمود عطا فرمائے گا جہاں سب لوگ آپ کی حمد یعنی تعریف کریں گے ۔**

**سوال۔٣ قرآن پاک کی حفاظت کا زمہ کس نے لیا ہے ؟**

**جواب۔ قرآن پاک کی حفاظت کا زمہ خود اللہ تبارک و تعالی نے لیا ہے قرآن مجید میں ارشاد ہے ✚ بیشک ہم نے اس قرآن کو نازل کیا اور ہم خود اس کی حفاظت کرنے والے ہیں ۔**

**سوال۔٤ انسانوں کے بجائے فرشتوں کو نبی بناکر کیوں نہیں بھیجا گیا ؟**

جواب۔ انسانوں کے بجائے اگر فرشتوں کو نبی بناکر بھیجا گیا ہوتا تو انہیں بھی انسانی صورت میں ہی بناکر بھیجا گیا ہوتا ۔

سوال۔٥ اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو کونسی نشانیاں عطا فرمائی تھیں ؟

جواب۔ اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو نو روشن نشانیاں عطا فرمائی تھیں ۔

# Chapter # 04

## سورۃ الکہف حصہ:1

**سوال۔١ سورۃ کہف کو کہف کہنے کی وجہ بیان کریں ؟**

**جواب۔ کہف کا معنی ہے پہاڑی والی غار ر چونکہ اس سورت میں اصحاب کہف کا زکر ہوا ہے اس مناسبت سے اس سورت کا نام کہف رکھا گیا ہے ۔**

**سوال۔٢ سورۃ کہف میں کفار کو ان کے کن سوالات کے جوابات دئیے گئے ہیں ؟**

**جواب۔ اس سورت کا مرکزی مضمون یہ کہ کفار نے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اصحاب کہف اور حضرت ذوالقرنین کے بارے میں سوالات کیے تھے ان سوالات کے جوابات دئیے گئے ہیں ۔**

**سوال۔٣ اللہ تعالی نے کفار کے لیے کیا سزائیں بیان فرمائی ہیں ؟**

**جواب۔ جہنمیوں کو پیاس کی شدت میں پگھلے ہوئے تانبے کی طرح کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا جو ان کے منہ کو جلا دے گا۔**

**سوال۔٤ اللہ تعالی نے مومنین کے لیے کیا جزائیں بیان فرمائی ہیں ؟**

**جواب۔ نیک کام کرنے والے مومنین کو جنت اور بہترین اجر و ثواب کی بشارت دی گئی ہے ایمان والوں کو جنت میں سونے کے کنگن اور سبز رنگ کے ریشمی لباس پہنائے جائینگے ۔**

**سوال۔۵ انسان کو مال و دولت یا کامیابی ملنے پر کیا کرنا چاہیے ؟**

**جواب۔ انسان کو مال و دولت یا کامیابی ملنے پر غرور و تکبر کے بجائے اللہ کا شکر ادا کرنا چائیے ۔**

# Chapter # 05

# سورۃ الکہف حصہ:2

**سوال۔١ دنیوی زندگی کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے ؟**

**جواب۔ دنیوی زندگی کی مثال ایسی ہے جیسے پانی ہو جسے ہم نے آسمان سے اتارا تو اس کے سبب زمین کا سبزہ گھنا ہوکر نکلا پھر وہ سوکھی گھاس بن گیا جسے ہوائیں اڑاتی پھرتی ہیں ۔**

**سوال۔٢ زمین و آسمان میں مخلوق کو پیدا کرنے والا کون ہے ؟**

**جواب۔ زمین و آسمان میں مخلوق کو پیدا کرنے والا اللہ تعالی ہے ۔**

**سوال۔٣ حضرت موسی علیہ السلام اور حضرت خضر کی ملاقات کس مقام پر ہوئی ؟**

**جواب۔ آپ دونوں کی ملاقات بیچ سمندر میں ہوئی جہاں آپ کی مچھلی نے سمندر میں چھلانگ لگائی تھی ۔**

**سوال۔٤ حضرت خضر نے یتیم بچوں کی دیوار کو کیوں درست کیا تھا ؟**

**جواب۔ وہ دیوار دو یتیم بچوں کی تھی اس کے نیچے ان کا خزانہ تھا اور ان کا باپ نیک آدمی تھا تو آپ کے رب نے چاہا کہ وہ دونوں**

اپنی جوانی کو پہنچیں اور اپنا خزانہ نکالیں یہ سب آپ کے رب کی رحمت سے ہے اور یہ سب میں نے اپنے حکم سے نہیں کیا۔

سوال۵ حضرت خضر نے کشتی کا تختہ کیوں اکھاڑ دیا ؟

جواب۔ وہ جو کشتی تھی وہ کچھ مسکین لوگوں کی تھی جو دریا میں کام کیا کرتے تھے تو میں نے چاہا اسے عیب دار کروں اور آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر صحیح سلامت کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا۔

# Chapter # 06

## سورۃ مریم حصہ:1

**سوال۔۱ اللہ تعالی نے حضرت زکریا علیہ السلام کو بیٹے کی خوشخبری کے لیے کیا نشانی عطا فرمائی ؟**

**جواب۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کی اے میرے رب ؛ میرے لیے کوئی نشانی عطا فرما ۔ ارشاد ہوا تو بلکل تندرست ہوتے ہوئے بھی کچھ کلام نہ کرسکے گا ۔**

**سوال۔۲ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے چچا آزر کو کس بات سے منع کیا تھا اور کیا دعوت دی تھی ؟**

**جواب۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے چچا آزر کو بتوں کی پوجا کرنے سے منع فرمایا تھا اور اللہ تعالی کی عبادت کرنے کی دعوت دی تھی ۔**

**سوال۔۳ حضرت ابراہیم نے اپنے چچا آزر کو باطل معبودوں کو چھوڑ کر اللہ تعالی کی عبادت کی تلقین کی تو آپ کو کیا جواب ملا ؟**

**جواب۔ آپ کے چچا نے کہا کہ ابراہیم تو مجھے میرے معبودوں سے روکتا ہے ۔ اے ابراہیم ✁ بےشک تو اگر باز نہ آیا تو میں تجھے پتھر مارونگا اور تو مجھے عرصہ دراز کے لیے چھوڑدے ۔**

# Chapter # 07

## سورة مریم حصہ:2

سوال۔١ آیت نمبر ١ تا ٣ میں حضرت موسی علیہ السلام کے تین اوصاف بیان فرمائیں ؟

جواب۔ ✉١✈ اللہ تعالی نے اپنا چنا ہوا بندہ ✉٢✈ رسول اور نبی بنایا ✉٣✈ اور اپنا خاص مقرب بنایا ۔

سوال۔٢ غی کس وادی کو کہتے ہیں ؟

جواب۔ غی جہنم کی اس خوفناک وادی کو کہتے ہیں جس میں جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے اور نفسانی خواہشات رکھنے والے جائینگے ۔

سوال۔٣ نمازیں ضائع کرنے سے کیا مراد ہے ؟

جواب۔ نماز نہ پڑھنا نماز میں سستی کرنا یا بے جماعت نماز پڑھنا ۔

سوال۔٤ بروز قیامت نیک مسلمان اور کافر اللہ کی بارگاہ میں کیسے پیش ہونگے ؟

جواب۔ نیک مسلمانوں کو اللہ کی بارگاہ میں مہمان بناکر پیش کیا جائے گا اور کافروں کو جہنم کی طرف پیاسے بناکر بھیجا جائے

گا

# Chapter # 08

# سورۃ طحہ

**سوال۔١ اللہ تعالی کی ملکیت اور بادشاہت کہاں تک ہے✂ اس بارے میں آیت نمبر ٦ میں کیا بیان ہوا ہے ؟**

**جواب۔ اللہ تعالی کی ملکیت آسمان زمین ان کے درمیان اور جو کچھ زمین کے نیچے ہے ان سب کی ملکیت اور بادشاہت اللہ تعالی کی ہے ۔**

ccc

**سوال۔٢ اللہ تعالی نے بنی اسرائیل کو مخاطب فرماکر اپنے کن تین انعامات کا زکر فرمایا ہے ؟**

**جواب۔ ✉١✈ دشمن سے نجات ✉٢✈ کوہ طور کی دائیں جانب ✉٣✈ من اور سلوی اتارا ۔**

**سوال۔٣ سامری کو اس کے جرم کی دنیا میں کیا سزا ملی ؟**

**جواب۔ سامری کے معبود کو جس کی وہ عبادت کرتا تھا اسے جلائینگے اور ریزہ ریزہ کرکے سمندر میں بہائینگے ۔**

**سوال۔ ٤ قیامت کے دن کافروں کا کیا حال ہوگا ؟**

**جواب۔ ان کو اندھے منہ کرکے جہنم میں ڈال دیا جائیگا ۔**

# Chapter # 09

## سورۃ الانبیاء حصہ:1

**سوال۔١ کفار و مشرکین ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات دیکھ کر کیا کہتے تھے ؟**

**جواب۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات دیکھ کر انکار کرتے تھے اور کہتے تھے کوئی نئی نشانیاں لے کر آئیں ۔**

**سوال۔٢ وہ کونسی امتیازی خصوصیت ہے جو انبیاء کرام علیھم السلام کو عام انسانوں سے ممتاز کرتی ہے ؟**

**جواب۔ امتیازی خصوصیت تو کئی ہیں جن میں سے دو خاص خصوصیت یہ ہے کہ انبیاء کرام علیھم السلام کو اللہ تعالی نے معصوم پیدا فرمایا اور منصب نبوت کا شرف بخشا ۔**

**سوال۔ ٣ سورۃ انبیاء میں اللہ تعالی کی وحدانیت پر کیا دلیل بیان کی گئی ہے ؟**

**جواب۔ اللہ تعالی نے جتنے بھی رسول بھیجے سب کی طرف یہی وحی کی گئی کہ اللہ تعالی کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ۔**

**سوال۔ ٤ سورۃ انبیاء میں فرشتوں کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں ؟**

جواب۔ فرشتے بھی اللہ تعالی کی مخلوق ہیں وہ کوئی کام بھی اللہ تعالی کی مرضی کے بغیر نہیں کرتے ۔

سوال۔ ٥ کیا کوئی ایسا بھی جسے موت نہیں آئے گی ؟

جواب۔ اللہ تبارک و تعالی کے سواء سب کو موت آئیگی اللہ کو کسی نے پیدا نہیں کیا بلکہ سب کو اس نے پیدا کیا ہے اور سب کی جان اس کے قبضہ میں ہے

# Chapter # 10

# سورۃ الانبیاء حصہ:2

**سوال۔١ قوم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں کیوں ڈالا ؟**

**جواب۔ حضرت ابراہیم نے اللہ تعالی کی عبادت کا حکم دیا اور کہا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ان کے بتوں کو برا بھلا کہا تو انہوں نے انہیں آگ میں ڈال دیا ۔**

**سوال۔٢ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جس آگ میں ڈالا گیا اس کی کتنی شدت تھی ؟**

**جواب۔ اس آگ کی اتنی شدت تھی کہ اگر کوئی پرندہ آسمان پر اڑتا تو وہ بھی جل جاتا ۔**

**سوال۔٣ شدید بھڑکتی آگ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کچھ نقصان پہنچایا ؟**

**جواب۔ اللہ تعالی نے آگ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی فرمادی تھی ۔**

**سوال۔٤ سورۃ انبیاء میں قیامت کی کیا نشانی بیان فرمائی گئی ہے ؟**

**جواب۔ یاجوج ماجوج کا نکلنا قیامت کی بڑی نشانیوں میں سے ہے ۔**

**سوال۔ ۵ ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کن لوگوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا گیا ؟**

**جواب۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام جہانوں کیلیے رحمت بن کر تشریف لائے ۔**